Misba-hudduja University

جامعہ مصباحُ الدُّجیٰ

phone: 042-36127790 0300-7473505 www.mu.edu.pk
E-Mail:misbahudduja@yahoo.com

نیاز بیگ (ٹھوکر) لاہور پاکستان


# معروضی مشق نمبر 8 (قرأت ومسائل دینیہ سیکنڈ سمیسٹر)

رجسٹریشن نمبر:.................... تاریخ:....................

نام سٹوڈنٹ.................... ولدیت....................

پتہ.................... فون:....................

ای میل:.................... دستخط سٹوڈنٹ....................

## حصہ: وضوء رسولؐ (درس 7)

1. تابعی سے کیا مراد ہے؟....................

2. ''مشہور صحابی حضرت عکرمہؓ وضو میں پاؤں دھوتے تھے'' کم از کم دو کتب کا حوالہ دیں۔....................

3. ''اصحاب ستہ میں سے بخاری و مسلم نے اپنی صحاح میں کس کی مرویات کو درج کر کے ان کی عدالت فی الحدیث پر مہر توثیق ثبت کر دی''....................

4. یہ الفاظ ''مجھے تو کتاب خدا میں سوائے مسح قدمین کے اور کوئی صورت نظر ہی نہیں آتی'' کس شخصیت کے ہیں اور اہل سنت کی کس کتاب میں ہیں....................

5. ایک نامور تابعی شخصیت شعبی وضو میں پاؤں کا مسح کرتے تھے یا پاؤں دھوتے تھے۔ کتاب کا حوالہ دیں؟....................

6. اس شخصیت کا نام بتائیں جو حدیث کے حافظ، فقیہ اور قانون دان تھے ابو حنیفہ کے استاد اور حضورؐ کے پانچ سو صحابہؓ سے ملاقات کر چکے تھے؟....................

7. حضرت قتادہؒ معروف تابعی ہیں وضو میں پاؤں کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟....................

8. ''قرآن کی کوئی ایسی آیت نہیں کہ میں نے اس کے بارے میں کچھ نہ سنا ہو چنانچہ عرصہ بیس سال سے میں نے کبھی اپنی رائے سے فتویٰ نہیں دیا'' یہ الفاظ کس شخصیت کے ہیں؟

9. طبری نے ابن حمید، ابن وکیع، جریر، اعمش اور یحییٰ بن وثاب کے وسیلے سے حضرت علقمہؒ کے وضو میں پاؤں کے مسح کرنے کے متعلق کیا دلیل دی؟

10. آج دین کا ''علم'' دنیا سے رخصت ہو گیا قتادہ کے یہ الفاظ کس تابعی شخصیت کے بارے میں ہیں؟....................

11. ابوظبیان صحابہؓ کو چھوڑ کر حضرت علقمہؒ سے کیوں رجوع کرتے تھے؟....................

12. حضرت علقمہؒ حضرت ابن عمرؓ سے کم نہ تھے یہ الفاظ کس شخصیت کے ہیں اور اہل سنت کی کس کتاب میں ہیں؟....................

13. حضرت مجاہدؒ معروف تابعی ہیں مسح قدمین کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟..........

..........

14. ''حضرت ابن عمرؓ نے اکثر میری رکاب روک کر مسئلہ دریافت کیا'' یہ کس کے الفاظ ہیں اور اہل سنت کی کس کتاب میں ہیں؟..........

..........

15. علامہ شبلی نعمانی کے بقول حضرت ابوحنیفہؒ اور حضرت اعمشؒ کا آپس میں کیا تعلق تھا۔ کتاب کا حوالہ دیں؟..........

..........

16. حضرت اعمشؒ کتنی احادیث کے راوی تھے؟..........

17. بصاص نے احکام القرآن اور خازن نے اپنی تفسیر میں جن اسلام کے مقتدر ہستیوں کے بارے میں لکھا کہ اَرْجُلَکُمْ کے لام کو زیر سے پڑھتے تھے اور اس کی تاویل میں مسح کرتے تھے ان میں سے کوئی دو کا ذکر کریں؟..........

..........

18. حضرت جبرئیلؑ کا وضو اہل سنت کی کس کتاب میں ہے اور آپ کے وضو کی ترکیب کیا تھی؟..........

..........

19. صحابی رسولؐ حضرت انسؓ بن مالک نے اپنی قوم کو کیا بتایا؟..........

..........

20. اسلامی احکام کو لینے کے لئے کن دو چیزوں کو مدنظر رکھنا چاہیے حدیث رسولؐ کی روشنی میں جواب دیں؟..........

..........

21. مولانا مودودی لفظ اَرْجُلَکُمْ کی قرآت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

..........

## حصہ: **نماز رسولؐ** (درس13)

1. اعمال شب عاشورہ سے مخصوص کتنی رکعت نماز ہے؟..........

2. اعمال روز عاشورہ میں سے کسی ایک کا طریقہ مختصراً بیان کریں؟..........

..........

..........

3. اگر آپ دو رکعت نماز زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام پڑھنا چاہتے ہیں تو نیت کیسے کریں گے؟..........

..........

4. عاشورہ کے دن فاقہ رکھنے کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟..........

..........

5. کتنے طریقوں سے اعمال عاشورہ کیے جاتے ہیں؟..........

## حصہ: **نماز رسولؐ** (درس14)

1. دو جملوں میں نیمہ شعبان کی اہمیت بیان کریں؟..........

..........

2. نیمہ شعبان کے اعمال مختصراً بیان کریں؟..........

..........

3. حضرت صاحب العصر والزمان (عج) علیہ السلام کے حضور کس تاریخ کو عریضے ڈالنا عمل مومنین ہے؟...............

4. شب قدر کی اہمیت انتہائی اختصار سے بیان کریں؟...............

5. اعمال شب قدر میں سے سب سے اہم عمل کون سا ہے بیان کریں؟...............

6. شب قدر کس مہینے کی کن تاریخوں میں ہے؟...............

7. عید نوروز کس تاریخ کو منائی جاتی ہے؟...............

8. نوروز کے دن اہم واقعات میں سے آپ کی نظر میں جو سب سے اہم ہے اس کا ذکر کریں؟...............

9. نوروز کے اعمال اختصار سے بیان کریں؟...............

10. آب نیساں کس پانی کو کہتے ہیں؟...............

11. آب نیساں کی خصوصیات میں سے کسی ایک کا ذکر کریں؟...............

## حصّہ: ہمارے عقائد (مراسم عزاداری کا فلسفہ)

1. فلسفہ عزاداری کیا ہے؟...............

2. یزید بن معاویہ کیسا شخص تھا؟...............

3. بنی امیہ نے کس قسم کی حکومت کی بنیاد رکھی؟...............

4. حضرت امام حسینؑ نے کس سن ہجری میں یزید کے خلاف قیام کیا؟...............

5. حضرت امام حسینؑ کی شہادت اور دختران پیغمبرؐ کے قیدی ہونے کا کیا نتیجہ نکلا؟...............

6. واقعہ عاشورہ کے بعد جتنی بھی بغاوتیں ہوئیں اس کے نعرے کیا تھے؟ کوئی دو کا ذکر کریں اور کتب کے حوالے بھی دیں؟...............

7. وہ کون سے دو نعرے کربلا کی خونین تحریک کا عطیہ ہیں جنہوں نے ہمیشہ ظالم اور جابر حکومتوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہونے میں مدد کی؟...............

8. ہر سال عزاداری سید الشہدؑا منانے کا کیا فلسفہ ہے؟...............

9. عزاداری سنت رسولؐ ہے وضاحت کریں اور حوالہ بھی دیں؟...............

10. غزوہ احد میں حضرت حمزہؓ کی شہادت کے بعد جب حضورؐ نے خواہش ظاہر کی کہ حمزہؓ پر کوئی رونے والا نہیں۔اس صحابیؓ کا نام بتائیں جس نے عزاداری کے لئے سب کو دعوت دی۔کس قبیلے کی عورتوں نے عزاداری میں سب سے زیادہ حصہ لیا اور یہ عزاداری کس گھر میں منعقد کی گئی؟..........

..........

11. اس عظیم معنوی سرمایے کا نام بتائیں جس کی حفاظت کرنے سے اسلام، ایمان اور تقویٰ کی بقا ہے؟..........

..........

12. دائمی شادی اور متعہ سے کیا مراد ہے؟..........

..........

13. دائمی شادی اور متعہ کے کون کون سے مسائل مشترک ہیں کوئی سے دو کا ذکر کریں؟..........

..........

14. آیت متعہ " فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً "کا ترجمہ کریں؟..........

..........

15. نکاح متعہ کے متعلق اہل سنت کے فقہا کے کون کون سے تین گروہ ہیں؟..........

..........

16. نکاح متعہ کے متعلق شیعہ فقہا کیا فرماتے ہیں؟..........

..........

17. اگر نکاح متعہ سے غلط استفادہ نہ کیا جائے تو یہ جوانوں کی کون سی ضروریات پوری کرسکتا ہے جو دائمی شادی پوری نہیں کرسکتی؟..........

..........

18. کیا نکاح متعہ پر پابندی ہونی چاہیے یا نکاح متعہ کے غلط استعمال پر۔آپ کی کیا رائے ہے؟..........

..........

19. تشیع کی بنیاد کب سے ہے قرآن مجید کا حوالہ دیں؟..........

..........

20. حضرت علیؑ سے محبت کرنے والوں کے لئے لفظ شیعہ کا انتخاب کس دور میں ہوا اور یہ لفظ کس کی طرف سے عطا ہوا؟..........

..........

21. شیعوں کے بعض مخالفین عبداللہ ابن سبا کو شیعہ مذہب کے بانی ہونے کا الزام لگاتے ہیں جو پہلے یہودی تھا اور بعد میں مسلمان ہوا،شیعوں کی رجال کی کتابوں میں عبداللہ ابن سبا کے متعلق کیا لکھا ہوا ہے اور حضرت علیؑ نے اس کے متعلق کیا حکم جاری فرمایا۔کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

..........

22. سعودی عرب کے کن علاقوں میں شیعہ کی بڑی تعداد موجود ہے؟..........

..........

23. اسلام کی ابتدائی صدیوں میں شیعیت کے مراکز کہاں تھے؟..........

..........

24. فاطمی خلفاء کے دور میں کس ملک کی حکومت شیعوں کے ہاتھ میں تھی؟..........

..........

25. مصر میں شیعہ حکومت نے کون سا عظیم شہر بنایا اس کا نام بتائیں۔اس مسجد اور یونیورسٹی کا بھی نام بتائیں جو انہوں نے تعمیر کروائیں؟..........

...............................................................................................................................................

26. فاطمی خلفاء کا نام کس لفظ سے ماخوذ ہے؟.........................................................................

27. بعض اعداد وشمار کے مطابق دنیا میں شیعہ اثناء عشری کی تعداد کتنی ہے اور یہ پوری دنیا کی مسلم آبادی کا کتنا حصہ بنتی ہے؟..........

...............................................................................................................................................

28. اس وقت شیعیت کے عظیم علمی مراکز کہاں ہیں؟.....................................................................

29. حدیث کی چار مشہور کتابوں کے نام بتائیں جو آئمہ اہل بیتؑ کے ذریعے نقل کی گئی ہیں؟....................................

...............................................................................................................................................

30. کتب اربعہ میں کسی حدیث کے معتبر ماننے کا کیا معیار قرار دیا گیا ہے؟.........................................

...............................................................................................................................................

31. اہل سنت کی مشہور کتب صحاح خاص کر صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے مؤلفین کا احادیث جمع کرنے میں کیا معیار رہا ہے؟..........

...............................................................................................................................................

32. شیعوں کے اہم ماخذ میں دو عظیم کتابیں کون سی ہیں؟.............................................................

33. نہج البلاغہ کس شخصیت کی تالیف ہے یہ کتنے حصوں پر مشتمل ہے اور ان حصوں میں کون کون سی چیزیں حضرت علیؑ نے بیان فرمائی ہیں؟..........

...............................................................................................................................................

34. صحیفہ سجادیہ کس امام کی دعاؤں پر مشتمل ہے؟.................................................................

35. وہ کون سے تین آئمہؑ ہیں کہ احادیث کا ایک بیشتر حصہ ان سے مروی ہے اور اس کی وجہ کیا تھی؟..........................

...............................................................................................................................................

36. مذہب شیعہ کو مذہب جعفری کہنے کی کیا وجہ ہے؟...............................................................

...............................................................................................................................................

37. مندرجہ ذیل الفاظ کس شخصیت کے ہیں اور اہل سنت کی کس کتاب میں ہیں ''ما رایت افقه من جعفرؑ بن محمدؑ'' (میں نے جعفرؑ بن محمدؑ سے بڑا فقیہ نہیں دیکھا) ؟..

...............................................................................................................................................

38. میں نے انہیں ہمیشہ تین حالتوں میں ایک میں پایا؛ نماز کی حالت میں یا روزوں کی حالت میں یا قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہوئے۔ حضرت امام جعفرؑ بن محمدؑ کے بارے میں یہ الفاظ اہل سنت کے کس امام کے ہیں۔ کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..............................

...............................................................................................................................................

39. سچائی صداقت اور امانت کی اسلام میں کیا اہمیت ہے؟.........................................................

...............................................................................................................................................

## حصہ: **فرمان رسولؐ** (درس 7 تا 12 کی پانچویں حدیث)

1. اللہ تعالیٰ نے رسولؐ اللہ کی ذریت (اولاد) کو کس ہستی کی صلب میں قرار دیا۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کا حوالہ دیں؟..........

...............................................................................................................................................

2. حضرت عمرؓ کے قول کے مطابق سب سے زیادہ قضاوت جاننے والی کون سی ہستی ہے۔ صحاح ستہ میں سے کسی ایک کتاب کا حوالہ دیں؟..........

...............................................................................................................................................

3. حضورؐ کے اس فرمان ''فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّیْ فَمَنْ اَغْضَبَهَا اَغْضَبَنِیْ'' کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

...............................................................................................................................................

4. اس ہستی کا نام بتائیں جس کی ناراضگی اللہ کی ناراضگی ہے اور جس کی رضا اللہ کی رضا ہے۔ کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

5. روزِ قیامت کس عظیم ہستی کے گزرنے کے وقت منادی نداد ے گا کہ اپنی آنکھیں بند کرلیں اور سروں کو جھکا لیں تا کہ وہ گزر جائیں۔ کتاب کا حوالہ بھی دیں اور اس حدیث کے راوی بھی بیان کریں؟..........

6. جب حضرت ام الفضلؓ نے خواب میں دیکھا کہ "حضورؐ کے جسم مبارک کا ایک ٹکڑا کاٹ کر ان کی گود میں رکھا دیا گیا۔ تو بہت پریشان ہوئیں" تو رسولؐ اللہ نے اس خواب کی کیا تعبیر بیان کی؟..........

7. رسولؐ اللہ حضرت امام حسینؑ کو دیکھ کر کیوں رونے لگے؟..........

8. ولادت حضرت امام حسینؑ کے وقت جبرائیل نے حضورؐ کو کیا چیز لا کر دکھائی؟..........

9. حضورؐ نے حضرت عمرؓ کو کس شخصیت سے دعا مغفرت کروانے کے لیے کہا۔ کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

10. حضورؐ کے ان الفاظ "اِذۡرَأَیۡتُمُوۡہُ فَبَایِعُوۡہُ وَلَوۡحَبۡوًاعَلَی الثَّلۡجِ فَاِنَّہٗ خَلِیۡفَۃُ اللّٰہِ الۡمَہۡدِیُّ" کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

11. جب کسی شخص کو معلوم ہو جائے کہ حضرت امام زمانہؑ کا ظہور ہو چکا ہے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟..........

12. حضرت امام زمانہ علیہ السلام کی فوج کس سمت سے آئے گی اور اس کے علم کا رنگ کیا ہوگا۔ کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

13 جب امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی اور فتنے برپا ہوں گے تو رسولؐ اللہ نے حضرت عوفؓ کو کیا کرنے کا حکم دیا؟..........

## حصہ: **کلام خدا** (آیت رؤیت اعمال)

1. پوشیدہ اور کھلم کھلا کیے ہوئے اعمال کو اللہ کے علاوہ کون کون دیکھتا ہے۔ آیت کا حوالہ بھی دیں۔..........

2. حضرت امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کی کہ آپؑ میرے اور میرے گھر والوں کے لیے دعا فرمائیں تو آپؑ نے کیا جواب دیا؟..........

3. آیت رؤیت اعمال میں "مُؤۡمِنُوۡنَ" سے کون سی ہستی مراد ہے۔ کتاب کا حوالہ بھی دیں۔..........

4. جب ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ تمام اعمال آئمہ طاہرینؑ کے سامنے پیش ہوتے ہیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟..........

5. رؤیت اعمال کی روایات میں اختلاف ہے۔ کیا یہ ایک دوسرے کے منافی نہیں ہیں؟..........

6. کیا آیت ایک عام مسئلے کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ انسان جو بھی عمل کرتا ہے وہ چاہے یا نہ چاہے خدا کے علاوہ پیغمبرؐ اور تمام مومنین عام طریقوں ہی سے ان سے آگاہ ہو جاتے ہیں؟............

............

7. آیت رویت اعمال کا آخری جملہ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اعمال کی آگاہی کے متعلق ہے یا جزا کے بارے میں؟............

............

8. کیا رویت دیکھنے کے معنی میں ہے؟............

............

9. خدا تو پہلے ہی ہر شخص کے اعمال کو جانتا ہے پھر یہ جملہ "عنقریب خدا اعمال دیکھے گا" سے کیا مراد ہے؟............

............

## آیت مِنْ شِيْعَتِهٖ

1. حضرت ابراہیم علیہ السلام کس کے شیعہ کے تھے قرآن مجید کی آیت کا حوالہ بھی دیں؟............

............

2. حضور اکرمؐ کو کس نبی کے طریقے کی پیروی کا حکم دیا گیا آیت حوالہ بھی دیں؟............

............

3. آپ کیسے ثابت کریں گے کہ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِ بْرٰهِيْمَ میں "هُوَ" کی ضمیر کا مرجع آذر نہیں ہے اور آپ کا شمار آذر کے گروہ سے نہیں ہوتا؟............

............

4. حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟............

............

5. جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سامنے سے پردے ہٹائے گئے اور انہیں ملکوت سماویہ کی سیر کرائی گئی تو انہوں نے عرش کے پہلو میں کیا دیکھا؟............

............

6. جب حضرت ابراہیمؑ نے عرش کے پہلو میں انوار مقدسہ کو دیکھا تو آپؑ نے کیا دعا کی؟............

............

7. قرآن میں لفظ شیعہ کتنے مقامات پر آیا ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟............

............

8. کیا گزشتہ انبیاءؑ کی امتیں شیعہ کہلاتی تھیں قرآن کا حوالہ دیں۔............

............

9. فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ سورۃ القصص آیت 15 سے کیا مراد ہے؟............

............

10. لفظ شیعہ کے لغوی معانی بیان کریں؟............

............

11. لفظ شیعہ کے اصطلاحی معنی کیا ہیں کتب کا حوالہ دیں؟............

............

12. محبان حضرت علی علیہ السلام کے لیے لفظ شیعہ کے موجد اور بانی کا نام بتائیں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟............

13. اہل سنت والجماعت کے عالم شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے نزدیک صحابہ کرامؓ، مہاجرین اور انصار کی ایک بڑی جماعت کس لقب سے مشہور تھی؟......................

14. صاحبانِ اہل سنت والجماعت نے اپنے لیے یہ لقب کیوں اختیار کیا کتاب کا حوالہ دیں؟......................

15. قرآن مجید، تفاسیر، احادیث اور تواریخ کی روشنی میں ثابت کریں کہ روز قیامت عالم اسلام کا کون سا فرقہ نجات یافتہ ہوگا؟......................

16. اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ ھُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّۃِ میں خَیْرُ الْبَرِیَّۃِ سے کیا مراد ہے؟......................

17. شیعہ اور محبّ میں کیا فرق ہے؟......................

## ﴿ ناظرہ مشق ، زبانی مشق ، عملی مشق ﴾

**نوٹ:** ناظرہ، زبانی اور عملی مشقیں سٹوڈنٹس خود پُر نہیں کر سکتے۔ ان مشقوں کو جامعہ کے منتخب کردہ کوآرڈی نیٹر، کسی بھی شیعہ عالم دین، عزادار یا شیعہ ٹیچر سے پُر کروائیں جو مسائل کو اچھی طرح سمجھتے ہوں۔ محترم اساتذہ کرام سے التماس ہے کہ ناظرہ مشق میں معلّم تجوید حصّہ اول اور حدیث کساء مختلف مقامات سے سٹوڈنٹس سے سنیں اور کتاب سے دیکھ کر سنانے کی ان کی جو بھی کیفیت ہو درج ذیل خانوں ''ضعیف (Weak)، متوسط (Normal)، خوب (Good)، خیلی خوب (Very Good)'' میں یہ نشان ✓ لگائیں اور اسی طرح زبانی اور عملی مشق کا بھی خوب جائزہ لے کر ان سب مشقوں کو پُر کر کے اپنی نگرانی میں جامعہ مصباح الدجی کے آفس میں پوسٹ کروا دیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **ناظرہ مشقیں:** | (i) **معلّم تجوید** دوم (درس 13 تا 14) | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| | (ii) **زیارت وارثہ** | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| **زبانی مشق:** | (i) ماہ رمضان میں ہر نماز کے بعد کی دعا | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| | (ii) دعائے حضرت امام زین العابدینؑ | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| **عملی مشق:** | **اعمال شب قدر** | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |

**ناظرہ ، زبانی اور عملی مشق کو دیکھنے والے استاد محترم اپنے بارے میں تحریر فرمائیں:**

نام.............................. دنیاوی تعلیم.............................. دینی تعلیم..............................

پتہ.............................. فون..............................

تعلیمات قرآن واہل بیتؑ کے اس عظیم پروگرام کی بہتری اور ترقی کے لیے اگر آپ کوئی مفید اور قابل عمل رائے دینا چاہیں تو ہمیں ضرور لکھیں۔

تاریخ:.............................. دستخط:..............................

جامعہ مصباح الدجی کے علماء کرام اور انتظامیہ آپ کے پُرخلوص تعاون کے لیے انتہائی شکرگزار ہیں۔